رہبر معظم کااسلامی انجمنوں کے مستقل طلباء کی یونین کے نویں سالانہ اجلاس کے نام پیغام - 25 /Aug/ 2008

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے اسلامی انجمنوں کے مستقل طلباء یونینوں کے نویں سالانہ اجلاس کے نام پیغام ارسال کیا ہے۔

پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عزیز جوانو

عظیم قومی آرزوؤں کو حاصل کرنے کے لئے پختہ عزم ، اخلاص ، شجاعت اور غور و فکر کی ضرورت ہے۔

اور مؤمن جوان جس نے انقلاب اسلامی اور عظیم الشان امام (رہ) کی راہ و روش اور ان کے اصولوں کو دل کی گہرائی سے قبول کیا ہے وہی امید بخش افراد ہیں جو قوم کو اس کے بڑے اور عظیم اہداف تک پہنچنے میں مدد فراہم کرسکتے ہیں ۔

انقلاب کے چوتھے عشرے میں عدل و انصاف اور پیشرفت و ترقی کے حصول کے لئے نقشہ کو اس حقیقت کے پیش نظر رقم کیا جاسکتا ہے۔

خداوند متعال سے مدد طلب کیجئے اور اسی سے امید وابستہ رکھیئے۔

حضرت بقیۃ اللہ (عج) کی دعا آپ کی پشتپناہ ہو۔

سید علی خامنہ ای

3 / شہریور/1387